10/02/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

پریکشا پہ چرچا

وزیر اعظم نریندر مودی آج اپنے مقبول انٹرایکٹو پروگرام پریکشا پہ چرچا کے آٹھویں ایڈیشن میں صبح گیارہ بجے دوردرشن سمیت متعدد پلیٹ فارمز پر ملک بھر کے طلباءسے بات چیت کریں گے۔

وزیر اعظم امتحان کی تیاری، تناو

---

کے انتظام اور ذاتی ترقی کے بارے میں بصیرت پیش کرنے کے لئے طلباء، والدین اور اساتذہ ے سے بات چیت کریں گے۔

یہ پروگرام آکاشوانی ، دور درشن ، Swayam Prabha ،Swayam اور PMO کے یوٹیوب چینلوں کے علاوہ محکمہ تعلیم اور وزارت اطلاعات و نشریات کے سوشل میڈیا چینلوں پر بھی دیکھا جا سکتا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ جدید بھارت کے خواب کو پورا کرنے، ملک کے مالا مال کلچر کو بڑھاوا دینے اور تعلیم میں اصلاحات کےلئے کام کریں۔

آگرہ میں آل انڈیا گالو پوروا تیاگی برہمن مہا سبھا کے قومی کنونشن سے خطاب کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ نوجوان ہماری وراثت کی ایک عظیم دولت اور طاقت ہیں۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ نوجوان پچھڑے طبقوں کے لوگوں کی زندگیوں میں بہتری لانے کے علاوہ بھائی چارے اور میل میلاپ کے اصولوں کی بنیاد کو مضبوط کرنے کےلئے لگن سے کام کریں۔

## سونہ مرگ

کنگن میاں مہر علی نے صوبائی کمشنرکشمیر وی کے بدھوری اور ڈپٹی کمشنر گاندربل MLA جتن کشور کے ہمراہ سونہ مرگ میں گذشتہ روز آگ کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے اثر زدہ جگہ کا دورہ کیا۔

اس موقعہ پر مارکیٹ ایسوسی ایشن سونہ مرگ نے متعدد مطالبات اُٹھائے جن میںڈُکانوں کی تعمیر نو کے لئے فوری اِمداد اور اِجازت نیز مستقبل میں ایسے واقعات کو روکنے کے لئے سونہ مرگ میں فائر سروس سٹیشن کاقیام شامل ہے۔ صوبائی کمشنر نے یقین دِلایا کہ اِنتظامیہ سونہ مرگ میں تاجرکمیونٹی کی مدد کرنے اور متاثرین کی جلد بازآبادکاری کو یقینی بنانے کے لئے پُرعزم ہے۔

## ٹریفک

ٹریفک نظامت میں بہتری لانے اور تمام سڑکوں و شاہراؤں کو ڈرائیونگ کےلئے محفوظ بنانے کی خاطر حکومتی سطح پر ایک موثر پالیسی عملائی جا رہی ہے۔

حکومت محفوظ ڈرائیونگ طور طریقوں کو عام کرنے کےلئے بیداری مہموں کا انعقاد کر رہی ہے۔ اس ضمن میں جب ہم نے جمونو کشمیر کے ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش پال مہاجن سے بات کی تو انہوں نے کہا۔

## فشریز

ڈائریکٹر فشریز اے ایم ٹاک نے جوائنٹ ڈائریکٹر فشریز غلام محی الدین وانی کے ہمراہ جدید آبی زراعت کے طریقوں کو فروغ دینے کے لئے ضلع کپواڑہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے فشریز کے انفراسٹرکچر کامعائینہ کیا ۔

انہوں نے معاش اور غذائیت کی معاونت کے لئے پردھان منتری متسیا سمپدا یوجنا کے تحت ماہی گیروں میں 21لاکھ روپے مالیت کے چیک تقسیم کئے۔

## معائینہ

فوڈ سیفٹی/ ڈرگ اینڈ فوڈ کنٹرول آرگنائزیشن کی ایک ٹیم نے جہانگیر چوک ،ہری سنگھ ہائی اسٹریٹ اور شہر سرینگر کے دیگر ملحقہ مارکیٹوں میں مہم چلائی۔ جس دوران سڑک کنارے دکانداروں کو حفظان صحت اور سینیٹری کے معیارات کو برقرار رکھنے کی اہمیت کے بارے میں جانکاری دی گئی۔

دال عالمی دن

آج دالوں کا عالمی دن ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد دالوں کی غذائی اہمیت کے بارے میں بیداری عام کرنا اور دالوں کی پیداواریت میں اضافے کےلئے مختلف پروگراموں کی نسبت سے کسانوں کو جانکاری فراہم کرنا ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ دالیں مقوی غذا فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ زمین کی زر خیزیت اور پیداواری صلاحیت کو بہتر بنانے میں ایک اہم کر دار ادا کر تی ہیں۔

عالمی دن ۲

یعنی انسان کے پیٹ میں پلنے والے ضرررسانکیڑے مخالف دوائی لینے کا Deworming آج ہی بھی عالمی دن ہے۔

یہ دن قومی سطح پر سال میں2بار،10فروری اور10اگست کو منایا جا تا ہے، جس سے یہ پیغام واضح ہو جاتا ہے کہ ہر شخص کو سال میں دوبار یعنی ہر چھ ماہ کے وقفے کےلئے دوائی لینی چاہئے۔Deworming پر

مختصرات

*.... وزیر اعظم نریندر مودی آج سہ پہر فرانس اور امریکہ کے تاریخی سفارتی دورے پر روانہ ہوں گے۔ دورے کا مقصد دونوں ممالک کے ساتھ اسٹریٹجک، اقتصادی اور تکنیکی شراکت داری کو تقویت دینا ہے۔

*.... صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج مہاکمبھمیں حاضری دینے کے لئے پریاگ راج کا دورہ کریں گی۔ وہ تروینی سنگم میں پوتر ڈبکی لگانے کے علاوہ پوجا کرےں گی۔

*.... مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ آج بنگلور میں ایشیا کے سب سے بڑے ایرو انڈیا شو کا افتتاح کریں گے۔ اس پانچ روزہ ایونٹ کا موضوع ہے ” کروڑ ہا مواقعے تک رَن وے“ ۔ اس پروگرام میں قریب تیس ممالک کے وزرائے دفاع یا ان کے نمائندے شرکت کر رہے ہیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ